© rasailojaraid.com



رپورٹ: محمد یوسف شاد

# ظلمت سے نور تک

## معروف کرکٹر یوسف یوحنا نے اسلام قبول کرلیا:

### مکہ معظّمہ میں کلمہ پڑھا۔گزشتہ روز ساتھی کھلاڑیوں کے ساتھ باجماعت نمازِ مغرب ادا کی

کرکٹ کے کھلاڑی اور معروف بیٹسمین یوسف یوحنا نے بچوں اور اہلیہ سمیت اسلام قبول کرلیا۔ان کا اسلامی نام محمد یوسف ہے۔انہوں نے اپنے مشرف بہ اسلام ہونے کا اعلان کیا اور پہلی بار ساتھی کھلاڑیوں کے ساتھ مل کر کھلے بندوں نمازِ مغرب ادا کی۔محمد یوسف نے کہا کہ میں نے یہ فیصلہ سوچ سمجھ کر کیا ہے۔اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہوئے اسلام میں داخل ہوا ہوں۔اسلام کی سچائی سے متاثر ہوکر یہ مذہب اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے، مجھ پر کسی قسم کا دباؤ نہیں ہے، میں نے نیک نیتی اور سچے دل سے اسلام قبول کیا ہے۔اللہ سے دعا ہے کہ میرے والدین کو بھی ہدایت ملے۔ مجھے اللہ تعالیٰ پر یقین ہے وہ جو بھی کرے گا بہتر کرے گا۔حضور ﷺ میرے آئیڈیل ہیں، کیونکہ آپ ﷺ کی زندگی، دنیا بھر کے لوگوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔حضور ﷺ کی زندگی کے واقعات سننے کے بعد ہی میری زندگی میں تبدیلی واقع ہوئی۔دنیا میں اسلام سے اچھا کوئی مذہب نہیں۔رائے ونڈ میں لوگوں کو دیکھ کر مسلمان ہونے کا جذبہ پیدا ہوا۔تین سال سے رائے ونڈ کے تبلیغی اجتماعات میں شرکت کررہا ہوں۔جس طرح کا رویہ میرے ساتھ، میرے مسلمان بھائیوں نے کیا۔اگر اس طرح ہر ایک مسلمان دوسرے مذاہب کے لوگوں سے اختیار کرے تو دنیا میں کوئی غیر مسلم نہ رہے۔میں چاہتا ہوں کہ مذہب اسلام کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے پکا اور سچا مسلمان بن سکوں۔پانچ وقت نماز پڑھ کر اور نیک اعمال کرکے جو دلی سکون مجھے حاصل ہورہا ہے اسے بیان کرنا آسان نہیں۔اللہ کا شکر ہے کہ میں دائرہ اسلام میں داخل ہوا ہوں۔اللہ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اس نے مجھے بھی ہدایت دی۔ذہن سے بہت بڑا بوجھ اتر گیا۔بیوی بچوں کو اسلام کی تعلیم دلاؤں گا۔خواہش ہے کہ موت آئے تو کلمہ طیّبہ نصیب ہو۔سابق کپتان سعید انور نے ان کی زندگی میں اہم تبدیلی میں نمایاں کردار ادا کیا۔ساتھی کھلاڑیوں نے ان کو اسلام قبول کرنے پر مبارکباد دی اور دین پر استقامت کی دعا کی۔

ساتھی کھلاڑیوں نے کہا کہ یوسف پہلے سنچری بنانے کے بعد صلیب کا نشان بناتے تھے، اب مسلمان اُن کو سنچری بنانے پر اللہ کے حضور سجدہ شکر بجالاتے ہوئے دیکھیں گے اور کرکٹ کی نئی تاریخ رقم ہوگی۔

---

© rasailojaraid.com